# تبصرۂ کتب

نام کتاب : اسلام کا نظامِ مساجد
مصنف : مولانا ظفر الدین
صفحات : ۲۴۴
قیمت : ۲۵ روپے
ناشر : عمران اکیڈمی، ۴۰ بی اُردو بازار لاہور

مسلمانوں کی زندگی میں مسجد کو جو مقام واہمیت حاصل ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ہے۔ مسجد شعائر اللہ میں سے ہے اور مسلمانوں کی اجتماعیت اسی سے وابستہ ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں نظامِ مساجد پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کے ضمنی مباحث مثلاً نماز، نظمِ جماعت، اذان اور امامت وغیرہ سے بھی بھرپور تعرض کیا گیا ہے۔ مسجد کی تعمیر و تزئین، اس کے لوازمات، اس کے آداب اور اس سے متعلق وقف و تولیت کے مسائل پر بھی سیر حاصل بحث موجود ہے۔

درحقیقت یہ کتاب صرف مولانا محمد ظفیر الدین صاحب کی کاوش کا نتیجہ ہی نہیں ہے بلکہ اس کی تیاری میں بعض دوسرے مقتدر علماء مثلاً سید سلیمان ندوی، مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی، مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی، مولانا ابوالحسن علی ندوی اور مولانا مناظر احسن گیلانی کے مشورے اور رہنمائی بھی شامل ہے۔

ہماری رائے میں یہ کتاب نظامِ مساجد پر ایک نہایت جامع، مفصل اور مستند دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے اور اردو زبان میں اس موضوع پر اس سے بہتر کتاب ہماری نظر سے نہیں گزری ہے۔

یہ کتاب پہلے بھارت میں شائع ہوئی ہے اور اب پاکستان میں اسے نئی کتابت کے بغیر ری پرنٹ چھاپ دیا گیا ہے۔ خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ یہ کتاب پیپر بیک میں ہے۔

© rasailojaraid.co
© rasailojaraid.co